# Pfizer-BioNTech COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے بعد آپ کے لیے ضروری معلومات



**NYC VACCINE FOR ALL: SAFE, FREE, EASY**

nyc.gov/covidvaccine

**ویکسینیشن سائٹ سے نکلنے سے پہلے:**

- اگر یہ آپ کا پہلا شاٹ تھا تو اپنا دوسرا شاٹ لگوانے کے لیے اپوائنٹمنٹ لے لیں۔
- ویکسینیشن کارڈ لینا یقینی بنائیں جس پر آپ کو لگنے والی ویکسین کا نام اور لگنے کی تاریخ درج ہو۔ اپنی دوسری خوراک کی اپوائنٹمنٹ پر یہ کارڈ لے کر آئیں۔ اس کی تصویر لے لیں یا کاپی کر لیں، اور اصل کو کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔

**ویکسین کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟**

عام ضمنی اثرات، آپ کو جس جگہ ٹیکہ لگا تھا وہاں سوزش یا سوجن، سر درد، جسم درد، تھکاوٹ اور بخار ہیں۔ ضمنی اثرات دوسرے شاٹ کے بعد زیادہ عام ہیں اور معمر افراد میں کم عام ہیں۔ ضمنی اثرت عام طور پر:

- ہلکے سے معتدل ہوتے ہیں اور تقریبا ایک سے دو دن تک رہتے ہیں
- ویکسین لگوانے کے بعد پہلے تین دن کے اندر شروع ہو جاتے ہیں (اگلے دن سب سے زیادہ عام ہیں)

**اگر مجھے ضمنی اثرات درپیش ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

اگر آپ کو ایسے ضمنی اثرات کا سامنا ہے جن کے حوالے سے آپ فکرمند ہیں یا یہ کچھ دن گزرنے کے بعد ختم نہیں ہوتے، یا جہاں پر آپ کو ٹیکہ لگا تھا وہاں پر 24 گھنٹوں کے بعد سرخی یا سوزش بڑھ جائے تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔ اپنے فراہم کنندہ سے بغیر نسخے کے مل جانے والی کوئی دوا استعمال کرنے کے حوالے سے بات کریں، جیسے ایسیٹامینوفن (Tylenol) یا آئبپروفن (Advil)۔

**جب تک کہ آپ کا فراہم کنندہ آپ کو ایسا کرنے سے منع نہ کر دے، دوسرا ٹیکہ لگوائیں چاہے آپ کو پہلے ٹیکے کے بعد ضمنی اثرات بھی ہوئے ہوں۔**

آپ **vsafe.cdc.gov** پر مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کے v-safe اسمارٹ فون ٹول کے ذریعے ضمنی اثرات کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ آپ **vaers.hhs.gov/reportevent.html** پر جا کر یا 800-822-7967 پر کال کر کے ضمنی اثرات کی اطلاع CDC اور فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے زیر انتظام چلنے والے ویکسین ایڈورس ایونٹ رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) پر بھی دے سکتے ہیں۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات صیغہ راز میں رکھی جائیں گی۔

**Pfizer ویکسین لگوانے کے بعد دل کی سوزش (مایوکارڈائٹس) یا دل کے گرد موجود ٹشو کی سوزش (پیریکارڈائٹس) کا خطرہ بہت کم ہے۔ اگر آپ کو ویکسین لگوانے کے ایک ہفتے کے اندر یہ علامات درپیش ہوں تو طبی امداد حاصل کریں:**

- سینے میں درد
- دم گھٹنا
- دھڑکن تیز ہونا، اضطراب ہونا یا دل کا زور زور سے دھڑکنا

نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں کہ آپ کو Pfizer ویکسین لگی تھی۔

## کیا ویکسین سے الرجک ردعمل ہونا ممکن ہے؟

اس شاٹ سے الرجک ردعمل شاذو نادر ہی ہوتے ہیں اور عام طور پر چند منٹ سے ایک گھنٹے کے اندر شروع ہو جاتے ہیں۔ شدید الرجک رد عمل کی علامتوں میں سانس لینے میں دشواری، چہرے اور گلے کی سوجن، دل کی تیز دھڑکن، سارے جسم پر سرخ دھبے بن جانا، چکر آنا اور کمزوری شامل ہیں۔ اگر آپ کو لگے کہ آپ کو شدید الرجک ردعمل ہو رہا ہے تو **911** پر کال کریں یا قریب ترین ہسپتال چلے جائیں۔

## کیا دوسری خوراک میں ویکسین کی وہی قسم ہونا ضروری ہے جو میری پہلی خوراک میں تھی؟

جی ہاں۔ چونکہ آپ کی پہلی خوراک Pfizer ہے اس لیے آپ کی دوسری خوراک بھی Pfizer ہی ہونی چاہیے۔

## اگر میں اپنی دوسری خوراک کی اپوائنٹمنٹ پر نہ جا پاؤں تو کیا ہو گا؟

جتنی جلد ممکن ہو، آپ کو اپوائنٹمنٹ دوبارہ لے لینی چاہیے۔ اپنی دوسری خوراک ضرور لگوائیں چاہے آپ کی پہلی خوراک کے بعد جتنا مرضی وقت گزر چکا ہو۔

## ویکسین کی تیسری خوراک یا بوسٹر شاٹ کس کو لگوانا چاہیے؟

جن لوگوں کا مدافعتی نظام کسی طبی عارضے یا علاج کی وجہ سے معتدل سے شدید حد تک کمزور ہو چکا ہے، انہیں اپنی دوسری خوراک کے بعد تیسری خوراک لگوانی چاہیے۔

ہر اہل فرد کو بوسٹر شاٹ لگوانا چاہیے۔ اگر آپ کو Pfizer کی دو خوراکیں لگ چکی ہیں اور آپ 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ہیں تو آپ اپنی دوسری خوراک کے بعد Pfizer یا Moderna کا بوسٹر شاٹ لگوا سکتے ہیں۔ 12 سے 17 سال تک کے نوجوان صرف Pfizer کا بوسٹر لگوا سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے **on.nyc.gov/third-dose-vs-booster** ملاحظہ کریں۔

## ویکسین کب کام کرنا شروع کرتی ہے؟

اگرچہ آپ کو پہلی خوراک کے بعد کچھ تحفظ حاصل ہو جاتا ہے، ویکسین دو خوراکوں کے بعد زیادہ موثر ہوتی ہے اور بوسٹر شاٹ کے بعد اس سے بھی زیادہ موثر ہو جاتی ہے۔ آپ کو Pfizer کی دو خوراکوں (اور اگر آپ اہل ہوں تو ایک تیسری خوراک مزید) اور ایک بوسٹر شاٹ کے بعد اپنی ویکسین کے حوالے سے اپ ٹو ڈیٹ مانا جاتا ہے۔

## کیا مجھ سے ویکسین یا نگہداشت صحت کے لیے جانے کا بل وصول کیا جائے گا؟

نہیں۔ اگر آپ کا بیمہ ہے تو اس کے ذریعے بل وصول کیا جا سکتا ہے لیکن آپ سے ویکسین کے لیے ادائیگی میں سے آپ کا حصہ یا کوئی دوسری فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

## کیا میری ذاتی معلومات محفوظ ہیں؟

آپ کی ذاتی معلومات خفیہ اور محفوظ ہیں۔ قانون کے تقاضے کے مطابق آپ کے متعلق بنیادی معلومات (جیسے آپ کا نام، پتہ، فون نمبر، تاریخ پیدائش، نسل اور قومیت، ویکسین لگوانے کی تاریخ اور کون سی ویکسین لگی) کا نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا۔

## کیا میں خود کو ویکسین لگ جانے کے بعد COVID-19 کی دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چھوڑ سکتا ہوں؟

**مکمل طور پر ویکسین لگ جانے کے بعد،** آپ کچھ سرگرمیاں ماسک پہنے بغیر کر سکتے ہیں، خاص طور پر کھلی فضاء میں۔ تاہم، ہماری تجویز ہے کہ آپ خود کو اور دوسروں کو محفوظ رکھنے کے لیے چار دیواری کے اندر تمام عوامی مقامات پر ماسک پہن کر رکھیں۔ نیز، آپ جس جگہ بھی جائیں آپ کو وہاں کے ماسک پہننے کے تقاضوں پر عمل کرنا ہو گا، جیسے کوئی کاروبار، اسکول یا کام کرنے کی جگہ اور عوامی ذرائع آمد و رفت استعمال کرتے وقت۔

# مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

**NYC محکمہ صحت:**
nyc.gov/covidvaccine

**نیویارک اسٹیٹ محکمہ صحت:**
covid19vaccine.health.ny.gov

**CDC:**
cdc.gov/covidvaccine

**اگر میرے مزید سوالات ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
اپنے فراہم کنندہ کو یا **311** پر کال کریں۔

NYC Health

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ **2.16.22**